سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

MUGHAL STEEL
A TRADITION OF QUALITY

بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ مغل آئرن اینڈ اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا بارہواں سالانہ اجلاس عام 28 اکتوبر 2021، بوقت 11:45 بجے صبح، بذریعہ زوم ویڈیو لنک مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:-

عمومی امور:

1۔ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ہر موجودہ 100 شیئرز کے عوض مزید 15 شیئرز کے حساب سے یعنی 15 فیصد کے تناسب سے بونس شیئرز کی صورت میں حتمی ڈیوڈنڈ ڈکلیر کرنا۔ یہ حتمی ڈیوڈنڈ پہلے سے 3 روپے فی شیئر یعنی 30 فیصد کے تناسب سے ادا کیے جا چکے عبوری نقد ڈیوڈنڈ کے علاوہ ہے۔

3- 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلہ خدمت کا تعین۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2) 246 کے تحت ممبران کو بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز فضل محمود اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی رضامندی لینے کے بعد ان کی دوبارہ تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

خصوصی امور:

4- حتمی ڈیوڈنڈ کی ڈیکلریشن کی صورت میں، شیئر پریمیم اکاؤنٹ سے 437,783,390 روپے، 10 روپے فی شیئر مالیت کے مکمل طور پر ادا شدہ 43,778,339 بونس شیئرز جاری کرنے کے لئے مختص کرنے کے حوالے سے غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اس سلسلے میں ترمیم یا بغیر ترمیم ایک عام قرارداد منظور کرنا۔

5۔ مندرجہ ذیل قراردادوں پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم یا بغیر ترمیم ان قراردادوں کو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کرنے کیلئے بطور خصوصی قراردادیں منظور کرنا:

"طے پایا کہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں تبدیلیاں جن کی تفصیلات منسلکہ سٹیٹمنٹ آف میٹریل فیکٹس میں بیان کی گئی ہیں، کی منظوری دی جاتی ہے۔"

"مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری یا کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کو انفرادی طور پر مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر بنانے بشمول ترمیم شدہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ایس ای سی پی کے ساتھ فائلنگ کرنے اور اس سلسلے میں کوئی بھی اقدام لینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔"

6- مندرجہ ذیل قراردادوں پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم یا بغیر ترمیم ان قراردادوں کو متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن جن میں چند یا تمام ڈائریکٹرز دلچسپی رکھتے ہیں کے حوالے سے بطور خصوصی قرادادیں منظور کرنا:

"قرار پایا کہ متعلقہ پارٹیز کے ساتھ 30 جون 2021 کے سال کے دوران انجام دی گئی ٹرانزیکشنز جن مین چند یا تمام ڈائریکٹرز دلچسپی رکھتے تھے اور جن کی تفصیلات مالی دستاویزات کے متعلقہ نوٹس میں فراہم کی گئی ہیں کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔"

"مزید قرار پایا کہ کمپنی کو آئندہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران معمول کے کاروبار کے دوران متعلقہ پارٹیز کے ساتھ ٹرانزیکشز کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ ممبران نے نوٹ کیا ہے کہ مذکورہ ٹرانزیکشنز میں چند یا اکثر ڈائریکٹرز دلچسپی رکھتے ہونگے۔ ڈائریکٹرز کی دلچسپی کو نظر انداز کرتے ہوئے، ممبران کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور آڈٹ کمیٹی کو یہ پیشگی اجازت دیتے ہیں کہ وہ تمام متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کا آڈٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنا پر جائزہ لے کر ان کو منظور کر سکیں۔"

"مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا بیان کی گئی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران انجام دی جائیں ان کی بعد ازاں ممبران سے اگلے سالانہ اجلاس عام میں پیش کر کے توثیق اور تصدیق کراوئی جائے گی۔"

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3) 134 کے تحت آئندہ اجلاس عام میں زیرِ غور لائے جانے والے خصوصی امور کے ضمن میں ایک بیان اِس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

لاہور: 05 اکتوبر 2021

بحکم بورڈ
محمد فہد حفیظ
کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 21 اکتوبر 2021 سے 28 اکتوبر 2021 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ مادی منتقلیاں/سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم (سی ڈی ایس) ٹرانزیکشن آئی ڈیز، جو کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32 جامی کمرشل سٹریٹ 2 ڈی ایچ اے فیز-VII، کراچی کو 20 اکتوبر 2021 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہوں گی۔ وہ حصہ داران کے بونس شیئرز اور اجلاس میں شرکت اور اس میں ووٹ کرنے کے حوالے سے ان کے حقوق کے تعین کرنے کے لئے بروقت اور قابلِ قبول تصور ہوں گی۔

2۔ موجودہ وبائی مرض کوویڈ-19 کی صورتحال کے پیشِ نظر، لوگوں کے بڑے اجتماع کو سنبھالنے سے متعلق عملی مشکلات، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 03 مارچ 2021 کو شائع ہونے والے سرکلر نمبر 6 کو مدنظر رکھتے ہوئے اور تمام معزز شرکاء کیلئے محتاط رویہ اختیار کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ میٹنگ صرف زوم ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کی جائے گی۔ اسی مناسبت سے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل درکار تفصیلات 25 اکتوبر 2021 کو کاروباری اوقات کے اختتام (شام 5 بجے) سے پہلے نامزد کردہ ای میل ایڈریس fahadhafeez@mughalsteel.com پر بھیج کر اپنی رجسٹریشن کروائیں۔

ممبر کا نام	شناختی کارڈ نمبر/این ٹی این نمبر	سی ڈی سی پارٹیس پینٹ آئی ڈی/فولیو نمبر	موبائل نمبر	رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ شدہ ممبران کو کمپنی کی جانب سے ان کی اسی ای میل پتے پر جس سے انہوں نے کمپنی کو ای میل کی ہوگی ایک زوم ویڈیو لنک فراہم کر دیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت صبح 11:45 بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی۔ وہ ممبران جو AGM کے ایجنڈے پر تبصرے / تجاویز بھیجنا چاہتے ہیں وہ کمپنی کو fahadhafeez@mughalsteel.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔ صرف وہ ممبران جن کے نام 20 اکتوبر 2021 تک ممبران کے رجسٹر میں ظاہر ہوتے ہیں وہ زوم ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے حقدار ہوں گے۔

3- اس میٹنگ میں حصہ لینے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار کمپنی کا ممبر اس میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور رائے دہندگی کے لئے کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔ پراکسی کا تقرر کرنے والے فارم کو مناسب طریقے سے مکمل ہونا چاہیے اور درست ہونے کیلئے، کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اجلاس کے شیڈول سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونا لازمی ہے۔ پراکسی تقرری کرنے والے ممبر کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC)/سمارٹ قومی شناختی کارڈ (SNIC) کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

اجلاس کیلئے لاگو ہونے والے پراکسی فارم کی ایک کاپی ممبران کو نوٹس بھیجنے کے ساتھ فراہم کی جا رہی ہے۔ مزید یہ کہ پراکسی فارم کی کاپیاں عام دفتری اوقات میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں یا کمپنی کی ویب سائٹ http://www.mughalsteel.com سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ کمپنی یا کارپوریشن جو کمپنی کی ممبر ہے اجلاس میں شرکت اور ووٹ کیلئے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد کے ذریعے نمائندہ مقرر کر سکتی ہے۔ ممبران، جنہوں نے اپنے حصص سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہیں کو مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر (1) آف 2000 کی ہدایات پر عمل کریں۔

4- ممبران جن کے پاس مادی حصص ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی قسم کی تبدیلی کو فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ ممبران جن کے حصص سی ڈی ایس میں ہیں ان کو چاہیئے کہ اپنے پتے متعلقہ پارٹیسپنٹس اور سی ڈی سی اکاؤنٹس سروسز میں اپ ڈیٹ کروائیں۔

5- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2) 132 کے تحت، اگر کمپنی کسی دوسرے شہر میں رہائش پذیر 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت فراہم کرنے کی درخواست وصول کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی بشرطیہ کہ اس شہر میں یہ سہولت میسر ہو۔

6- ایس ای سی پی نے 31 مئی 2016 کو اپنے ایس آر او 470(1)/2016 کے توسط سے کمپنیوں کو اپنے ممبران کو انکے رجسٹرڈ ایڈریسز پر سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے اپنے سالانہ اکاؤنٹس بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ مزکورہ بالا کے پیش نظر، کمپنی نے ڈی وی ڈی کی شکل میں اپنی سالانہ رپورٹ 2021 اپنے حصص داروں کو بھجوادی ہے۔ سالانہ رپورٹ 2021 کی ہارڈ کاپی کا تقاضا کرنے والا کوئی بھی ممبر کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھے گئے ایک معیاری درخواست کے فارم کا استعمال کر کے درخواست بھیج سکتا ہے جسے سات (07) دن کے اندر مفت فراہم کی جائے گی۔ مزید یہ کہ، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6) 223 اور 55 کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور سالانہ جنرل میٹنگ کے نوٹس کی بذریعہ ای میل کے ذریعے الیکٹرانک شکل میں گردش کی اجازت دی گئی ہے۔ ایسے ممبران جو مستقبل میں ای میل کے ذریعہ سالانہ مالی حسابات اور عام ملاقاتوں کے نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں ان کو درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک معیاری درخواست فارم پر اپنی رضامندی کا اظہار کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی http://www.mughalsteel.com پر دستیاب ہے۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپکے ای میل میں ایسی ای میل کو حاصل کرنے کے لئے کافی حقوق اور جگہ دستیاب ہو کیونکہ دستاویز کا سائز 1MB سے زیادہ ہو سکتا ہے۔ مزید یہ کہ ممبران کی بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ای میل پتے میں کسی بھی تبدیلی کی شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بروقت اطلاع کریں۔

7- وہ ممبر جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیوڈنڈ/حصص کا دعوی نہیں کر سکے انہیں مشورہ دیا جاتا ہے وہ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر کے اپنے غیر دعوی شدہ ڈیوڈنڈ/حصص کو حاصل کر لیں یا اگر کوئی مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے متعلق پوچھ گچھ کر لیں۔

8- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام کمپنیز ایس ای سی پی کی جانب سے نوٹیفائی کردہ عرصے میں اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری میں تبدیل کرنے کی مجاز ہے۔ فزیکل حصص رکھنے والے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹرا کاؤنٹ یا کسی بھی بروکر کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھلوا کر اپنے فزیکل حصص کو سی ڈی سی میں بک انٹری فارم میں جمع کروائیں۔ اس سے حصص یافتگان کو کئی طرح سے سہولت ملے گی جیسا کہ حصص کی حفاظت اور کسی بھی وقت حصص کی فروخت۔ کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ قوائد کے مطابق فزیکل حصص کی تجارت ممنوع ہے۔

9- کمپنی 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالی حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کو اپنی ویب سائٹ http://www.mughalsteel.com پر رکھ چکی ہے۔

10- کسی بھی معلومات مشکل یا سوالات کی صورت میں سرمایہ کار حضرات محترم عثمان فیض سے فون نمبر +92-42-35960841 اور ای میل ایڈریس fahadhafeez@mughalsteel.com یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر +92-21-35310191-6 یا ای میل ایڈریس sfc@thk.com.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 134 کے تحت آئندہ سالانہ اجلاس عام میں زیرِ غور لائے جانے والے خصوصی امور کے سلسلے میں درکار اسٹیٹمنٹ آف مٹریل فیکٹس درج ذیل ہے:

یہ اسٹیٹمنٹ آف مٹریل فیکٹس 28 اکتوبر 2021 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں انجام دیے جانے والے خصوصی امور جو کہ ایجنڈا آئیٹم نمبر 4 سے لیکر 6 پر مشتمل ہیں کے بارے میں مٹریل فیکٹس بیان کرتی ہے۔

ایجنڈا نمبر 4

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 17 ستمبر 2021 کو منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں 15 فیصد مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کی صورت میں حتمی ڈیوڈنڈ دینے کی سفارش کی ہے اور اس حوالے سے مزید یہ سفارش کی ہے کہ یہ بونس شیئرز جاری کرنے کیلئے شیئر پریمیم اکاؤنٹ سے 437,783,390 روپے مختص کیے جائیں۔ 43,778,339 بونس شیئرز جاری کرنے کے بعد کمپنی کا ادا شدہ کیپٹل بڑھ کر 3,356,339,330 روپے ہو جائے گا۔ ممبران کی جانب سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کی صورت میں حتمی ڈیوڈنڈ دینے کی سفارش کی منظوری کی صورت میں مندرجہ بالا قرارداد کو ممبران کی جانب سے بطور عام قرارداد کے طور پر منظور کر دیا جانا سمجھا جائے گا۔

"قرار پایا کہ:

i۔ شیئر پریمیم اکاؤنٹ سے 437,783,390 روپے -/10 روپے مالیت والے 43,778,339 عمومی شیئرز کی ادائیگی کیلئے استعمال کیے جائے اور یہ شیئرز ان ممبران جن کے نام ممبرز رجسٹر میں 20 اکتوبر 2021 کو موجود ہوں کو 15 فیصد یعنی ہر موجودہ 100 شیئرز کے عوض مزید 15 اضافی شیئرز کے حساب سے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کی صورت میں الاٹ کیے جائیں اور یہ تمام نئے شیئرز پہلے سے موجود عمومی شیئرز کے ساتھ ہر لحاظ سے برابری کا درجہ رکھیں گے۔

ii۔ تمام فریکشنل بونس شیئرز کو یکجا کر کے فروخت کیا جائے گا اور اس سے حاصل ہونے والی رقم فلاحی ادارے میں دی جائے گی۔

iii۔ مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر بنانے کیلئے کمپنی سیکرٹری یا کسی بھی ڈائریکٹر کو انفرادی طور پر اجازت ہوگی کہ وہ اس سے متعلقہ تمام درکار کام کر سکیں بشمول بونس شیئرز کو جاری کرنے، الاٹ کرنے ڈسٹری بیوٹ کرنے، فریکشنل شیئرز بیچنے اور ان سے حاصل کردہ رقم کی ادائیگی۔"

عام شیئر ہولڈرز کے طور پر ڈائریکٹرز ان قراردادوں میں صرف اس حد تک دلچسپی رکھتے ہیں جتنا کہ وہ بونس شیئرز کے حقدار ہیں۔

ایجنڈا نمبر 5

کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں پرنسپل لائن آف بزنس کو انکار پوریٹ کرنا اور اس کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے ساتھ الائن کرنے کیلئے آبجیکٹ کلاز کو اَپ ڈیٹ کرنے کے حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 17 ستمبر 2021 کو منعقد کیے گئے اجلاس میں کمپنی کے ممبران کو میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں درکار مندرجہ بالا تجویز کردہ ترمیمات کو خصوصی قرارداد جو کہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں بیان کی گئی ہیں کو ترمیم یا بغیر ترمیم پاس کر کے منظور کرنے کی سفارش کی ہے۔

1- شق III کی موجودہ ذیلی شق (1) کو تبدیل کر کے ذیلی شق (1B) شمار کیا جائے گا۔

2- شق III میں نئی ذیلی شق (1A) شامل کی جا رہی ہے، جو کہ درج ذیل پڑھی جائے گی:

کمپنی کا پرنسپل لائن آف بزنس ہوگا کہ وہ بطور مینوفیکچرز، ٹول مینوفیکچرز، ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز، ہول سیلر، ریٹیلرز، امپورٹرز، اور ای کامرس مارکیٹ پلیس کے طور پر ہر طرح کے آئرن اور اسٹیل بشمول آئرن اور اسٹیل سکریپ، بلٹ، ری بار، گارڈر، ٹی آئرن، چینلز، اینگلز کا کاروبار کر سکے۔

3- شق III میں نئی ذیلی شق (24A) شامل کی جا رہی ہے، جو کہ درج ذیل پڑھی جائے گی:

ذیلی شق (25) میں درج کاروبار کے علاوہ کمپنی کسی بھی طرح کے تمام قانونی کاروبار میں مشغول ہو سکتی ہے اور کوئی بھی لائن آف بزنس کر سکتی ہے اور اس سے متعلقہ تمام ضروری اقدامات کرنے کی مجاز ہوگی۔

4- شق III کی موجودہ ذیلی شق (25) میں ترمیم کی جا رہی ہے، جو کہ ترمیم کے بعد درج ذیل پڑھی جائے گی:

اس شق کی سابقہ ذیلی شقوں میں جو بھی درج ہے اس کو نظر انداز کرتے ہوئے، یہاں پر درج کسی بھی بات کا ہرگز مطلب یہ نہیں لیا جائے گا کہ کمپنی کے پاس ایسا کوئی اختیار ہے کہ وہ بینکنگ کمپنی، نان بینکنگ فنانس کمپنی (میوچل فنڈ، لیزنگ، انویسٹمنٹ کمپنی، انویسٹمنٹ ایڈوائزر، ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ مینجمنٹ کمپنی، ہاؤسنگ فنانس کمپنی، وینچر کیپٹل کمپنی، ڈسکاؤنٹنگ سروسز، مائیکروفنانس یا مائیکرو کریڈٹ بزنس)، انشورنس بزنس، مضاربہ مینجمنٹ کمپنی، اسٹاک بروکرج بزنس، فاریکس، مینجنگ ایجنسی، سیکورٹی گارڈ سے متعلقہ کوئی بھی ایسا کاروبار جو کسی قانون یا ایس ای سی پی کے مطابق فلحال کرنا ممنوع ہے، کر سکے۔

ترمیم سے پہلے شق III کی ذیلی شق (25) مندرجہ ذیل پڑھی جاتی تھی:

یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی مذکورہ بالا آبجیکٹ شق کے مطابق کمپنی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ بلواسطہ یا بلاواسطہ بینکنگ کمپنی، انویسٹمنٹ انشورنس، لیزنگ، مینجنگ ایجنسی یا بینکنگ بزنس یا کسی بھی قانونی کاروبار میں مشغول ہو۔

5- شق III میں نئی ذیلی شق (26) شامل کی جائیگی، جو کہ درج ذیل پڑھی جائے گی:

یہ اعتراف کیا جاتا ہے کہ کمپنی مندرجہ ذیل امور میں مشغول نہیں ہوگی:

(a) مذکورہ بالا ذیلی شق (25) میں بیان کردہ کاروبار یا کسی بھی غیر قانونی کاروبار میں مشغولیت؛

(b) ملٹی لیول مارکیٹنگ (MLM)، پیرامڈ اور پونزی سکیمیں، یا دیگر متعلقہ سرگرمیاں/کاروبار یا کوئی بھی لاٹری کاروبار میں مشغولیت؛

(c) کسی بھی جائز کاروبار میں مشغولیت جب تک کے قانونی طور پر مطلوبہ منظوری، اجازت، رضامندی یا لائسنس مجاز اتھارٹی سے حاصل نہ کیا جائے۔

ڈائریکٹرز اعلان کرتے ہیں کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں تجویز کردہ ترمیمات قابل اطلاق قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کی درکار ضروریات کے مطابق ہیں اور تجویز کردہ ترمیمات سے کمپنی یا اسکے ممبران کے مفادات پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔ ڈائریکٹرز کمپنی میں اپنے متعلقہ شیئر ہولڈنگ کی حد تک اس قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

نوٹ:

کمپنی کا موجودہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور تجویز کردہ ترمیم شدہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن ممبران کے موازنہ کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ (www.mughalsteel.com) پر موجود ہیں۔

ایجنڈا نمبر 6

سال کے دوران، عام کاروباری معاملات میں کمپنی نے متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کچھ لین دین کیے تھے۔ تاہم کیونکہ ڈائریکٹرز کی اکثریت متعلقہ پارٹیز کے ساتھ معاملات میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور شیئر ہولڈنگ کی وجہ سے دلچسپی رکھتی تھی، اس لئے ڈائریکٹرز کا فورم ان معاملات کی منظوری کے لیے پورا نہیں ہو پاتا تھا۔ لہذا یہ ٹرانزیکشنز جن کا حوالہ مالی حسابات بشمول نام اور رقم کے متعلقہ نوٹس میں دیا گیا ہے کو ممبران کی منظوری/توثیق کے لئے پیش کی جا رہی ہیں۔ ممبران ان ٹرانزیکشن کی منظوری خصوصی قرارداد جو کہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں بیان کردہ ہے کو ترمیم یا بغیر ترمیم کے ساتھ منظور کر کے دے سکتے ہیں۔ تمام متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کمپنی پالیسی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ہوتی ہیں جن کی بورڈ آڈٹ کمیٹی وقتاً فوقتاً جائزہ لیتی ہے اور بورڈ آڈٹ کمیٹی کی صدارت آزاد ڈائریکٹر کرتا ہے۔

مزید یہ متوقع ہے کہ آئندہ مالی سال کے دوران بھی کمپنی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز عام کاروباری معاملات کے دوران کر سکتی ہے جس میں چند یا ڈائریکٹرز کی اکثریت ان متعلقہ پارٹیز کے ساتھ معاملات میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور مشترکہ شیئر ہولڈنگز کے باعث دلچسپی رکھتی ہوگی۔ ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال میں منسلکہ پارٹی ٹرانزیکشنز کی مقدار کا تخمینہ لگانا ممکن نہیں تاہم کمپنی اصل اعداد و شمار اگلے سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی توثیق اور تصدیق کے لئے پیش کرے گی۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں بیان کردہ خصوصی قراردادوں کو ترمیم یا بغیر ترمیم کے ساتھ منظور کر کے کمپنی کو اختیار دیں کہ وہ آئندہ سال 30 جون 2022 میں متعلقہ پارٹیز کے ساتھ ٹرانزیکشنز کر سکے اور مزید بورڈ کو اختیار دیں کہ وہ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر ان ٹرانزیکشنز کا وقتاً فوقتاً جائزہ اور ان کی منظوری کر سکے۔

ڈائریکٹرز جو اس موضوع میں دلچسپی رکھتے ہیں یا ہو سکتے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

1- محترم مرزا جاوید اقبال
2- محترم خرم جاوید
3- محترم محمد مبین طارق مغل
4- محترم فضیل بن طارق
5- محترم محمد متین جمشید
6- محترم جمشید اقبال

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں منسلکہ پارٹیز کے ساتھ اپنی رشتے داری، یکساں ڈائریکٹرشپ اور متعلقہ شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔